مقالے کو تین ابواب میں منقسم کیا۔ پہلا باب بہ عنوان ''ہاروکی موراکامی: زندگی اور تخلیقی سفر'' ہے، جس میں موراکامی کا مختصر تعارف بیان کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی تخلیقات پر گفتگو کی گئی ہے۔ دوسرا باب بہ عنوان ''ہاروکی موراکامی کی تخلیقات میں علامتوں کا بیان'' ہے، اس میں موراکامی کی تخلقات میں علامتی بیانیے کو مختصر انداز میں پیش کیا گیا ہے جس سے موراکامی کا علامتی اسلوب قاری پر واضح ہو جائے''۔ تیسرے باب کا عنوان ''ہاروکی موراکامی: علامتی تناظرات (اردو تراجم کی روشنی میں)'' ہے۔ اس باب میں اردو ادب میں رائج علامتوں کو جاپانی ادب میں پرکھا گیا ہے۔ یوں رفتہ رفتہ کام کرتے ہوئے ہم مقالہ کی تکمیل تک پہنچے۔